SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرIX مجریہ ۲۰۱۶
SINDH ACT NO.IX OF 2016
سندھ ہندوں کی شادی ایکٹ، ۲۰۱۶
THE SINDH HINDUS MARRIAGE ACT, 2016
(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات
Sections
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short Title, extent and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ مقصد
Objectives
۴۔ ہندو شادی کے لیئے شرائط
Conditions for Hindu marriage
۵۔ شادی کے لیئے رسوم
Ceremonies for marriage
۶۔ شادی کی رجسٹریشن
Registration of marriage
۷۔ رجسٹریشن کا طریقہ
Manner of registration
۸۔ ختم کردیا
Omitted
۹۔ حکومت فیس کا یقین کرنے کے لیئے
Government to prescribe fee
۱۰۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules
۱۱۔ ایکٹ کے ریٹرو ویسیٹو اثرات (گذشتہ زمانے کے متعلق)
Retrospective effect of the act
۱۲۔ رکاوٹیں ہٹانے کا اختیار
Power to remove difficulties

۱۳۔ تشریح
Interpretation
۱۴۔ ایکٹ کو دوسرے قوانین پر فوقیت حاصل ہوگی
Act to take precedence over other laws

سندھ ایکٹ نمبرIX مجریہ ۲۰۱۶
SINDH ACT NO.IX OF 2016
سندھ ہندوں کی شادی ایکٹ، ۲۰۱۶
THE SINDH HINDUS MARRIAGE ACT, 2016

[۱۲ اپریل، ۲۰۱۶]

ایکٹ جس کے ذریعے ہندوں میں شادی سے متعلقہ قانون فراہم کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ خاندان کو حق، پاکستان کے آئین کی طرف سے بنیادی حق کی گارنٹی دی گئی ہے؛

اور جیسا کہ ہندوں شادیوں کی رجسٹریشن کے لیئے یکسان طریقہ کار بنانے کی ضرورت ہے اور اس سے متعلقہ اور یکسان معاملات کے سلسلے میں طریقہ کار بنانے کی ضرورت ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title, extent and commencement

۱۔ اس ایکٹ کو سندھ ہندوں کی شادی ایکٹ، ۲۰۱۶ کہا جائے گا۔

(۲) اس کا اطلاق تمام سندھ بھر میں ہوگا؛

(۳) یہ فوری طور پر لاگو ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں؛

(i)''شادی کا سرٹیفکیٹ'' سے مراد شیڈول A میں فراہم کیئے گئے دستاویز؛
(ii) ''متعلقہ عملدار''سے مراد جو یونین کائونسل، وارڈ یا کسی دوسری میونسپل اتھارٹی میں بااختیار ہو،جہاں شادی کی تقریبات ہوتی ہو؛
(iii) ''رضامندی'' سے مراد بیان کی گئی اور اعزازی طور پر رضامندی جو کسی دباو، ناخواشگوار واقئے، فراڈ یا رکاوٹ کے بغیر کسی بالغ کی طرف سے ایسی کوئی رضامندی دی جائے اور رضامندی کے اثرات کی مکمل معلومات اور دوسرا کوئی متبادل؛
(iv) ''منع کیئے گئے رشتے کی ڈگریاں'' سے مراد رشتہ جو مذہب کے ذاتی قانون کے تحت منع ہوں اور ہندوں کی روایات کے مطابق شادی کے بندھن میں بندھنے سے منع کرتا ہو؛
(v) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛
(vi) ''ہندو'' کوئی شخص جو ہندو ، جین یا سکھ مذہب کے کسی بھی طریقے کی پیرونی کرتا ہو؛
(vii) ''شادی کا رجسٹر'' سے مراد متعلقہ عملدار کی طرف سے رکھا گیا شادیوں کا رجسٹر، جیسا حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو؛
(viii) ''تقریب'' تقریب سے مراد شادی کی تقریب؛

مقصد
Objectives

۳۔ اس ایکٹ کا مقصد ہندوں کی شادیوں کے لیئے رجسٹریشن کا عام طریقہ فراہم کرنا ہے؛

ہندو شادی کے لیئے شرائط
Conditions for Hindu marriage

۴۔ شادی اس ایکٹ کے تحت کی جائے گی، اگر مندرجہ ذیل شرائط پوری کی گئی ہو،مثلاً؛
(a)شادی کے فریق ۱۸ سال کی عمر یا اس سے زائد ہوں؛
(b) شادی کے فریق رضامندی دینے کے لائق ہوں؛
(c)شادی کے فریق آزاد رضامندی دے رہے ہوں؛
(d) شادی کے فریق منع شدہ رشتے کی ڈگری میں نہ آتے ہوں؛
(e) شادی کے وقت فریق میں کسی کے پاس شریک

شادی کے لیئے رسوم
Ceremonies for marriage

شادی کی رجسٹریشن
Registration of marriage

حیات موجود نہیں ہے؛ اور (f) شادی کی تقریب اور رجسٹریشن کے وقت کم از کم دو گواہ موجود ہوں؛	
۵۔ جب تک کچھ بھی اس ایکٹ کے متضاد نہ ہوں، شاد ی کے لیئے ہر فریق کو بنیادی حقوق اور تقریبات کے لیئے شادی کی تقریب رکھنے کا حق حاصل ہوگا۔	رجسٹریشن کا طریقہ Manner of registration
۶۔ اس ایکٹ کے تحت کرائی گئی ہر ایک شادی یونین کائونسل /وارڈ یا دوسری کسی میونسپل اتھارٹی سے رجسٹرڈ ہوگی، جہاں شادی کی تقریبات ہوتی ہوں تقریب کے ۴۵ دن کے اندر؛	
۷۔ (1) شادی کے سرٹیفکیٹ کی ۴ نقول ہونگی، جیسا کہ شیڈول A میں بیان کیا گیا ہے، جو تمام پر کرنے کے بعد متعلقہ عملدار کو فراہم کی جائیں گی۔ (۲) متعلقہ عملدار خود مطمئن ہونے کے بعد کہ شادی کی تمام شرائط دفعہ ۴ کے تحت پوری کی گئی ہیں، تصدیق کرے گا/شادی کا سرٹیفکیٹ دے گا اور ریکارڈ کے لیئے سرٹیفکیٹ کی نقل رکھے گا اور باقی نقول فریقین کو واپس کرے گا۔ (۳) متعلقہ عملدار اس ایکٹ کے مقاصد کے لیئے قواعد اور حکومت کی طرف سے جاری کی گئی ہدایات کے مطابق شادی کا رجسٹر رکھے گا۔ (۴) شادی کے رجسٹر میں ہر داخلہ پر متعلقہ عملدار کا سٹمپ ہوگا اور مندرجہ ذیل کے دستخط ہوں گے۔ (i) فرد جو شادی کروا رہا ہو؛ (ii) شادی کے دونوں فریقین؛ (iii) دو معتبر گواہ؛اور (iv) متعلقہ عملدار؛ (۸) ختم کردیا؛	ختم کردیا Omitted حکومت فیس کا یقین کرنے کے لیئے Government to prescribe fee قواعد بنانے کا اختیار Power to make rules ایکٹ کے ریٹرو ویسیٹو اثرات (گذشتہ زمانے کے متعلق) Retrospective effect of the act رکاوٹیں ہٹانے کا اختیار Power to remove difficulties
۹۔ حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے شادیوں کے رجسٹر کرنے اورسرٹیفکیٹس کی	تشریح

Interpretation

ایکٹ کو دوسرے قوانین پر فوقیت حاصل ہوگی
Act to take precedence over other laws

تصدیق شدہ نقول جاری کرنے اور سرٹیفکیٹس کی تصدیق شدہ نقول جاری کرنے کے لیئے فیس کا تعین کرے گی۔

۱۰۔ حکومت اس ایکٹ کے لاگو ہونے کے تین ماہ کے اندر اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بیان کرے گی۔

۱۱۔ (۱) اس ایکٹ کے اس ایکٹ کے لاگو ہونے سے پیشتر شادیوں کے موثر ہونے اور رجسٹریشن کے لیئے ماضی گذشتہ تک اثرات ہوں گے۔
(۲) اس ایکٹ کے لاگو ہونے سے پہلے والی شادیاں متعلقہ عملدار کی طرف سے اسی طریقہ کارکے تحت رجسٹر کی جائیں گی، جیسا اس ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے۔
۱۲۔ اگر اس ایکٹ کی گنجائشوں کے لاگو ہونے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے، تو حکومت سرکاری گزٹ میں حکم کے ذریعے ایسی گنجائیشیں بنا سکتی ہے جو اس ایکٹ کی گنجائشوں سے ٹکرائو میں ہوں، جو رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ضروری یا لازمی ہوں۔
۱۳۔ اس ایکٹ اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی تشریح کی جائے گی تاکہ اس ایکٹ کے مقاصد کو بڑھایا جا سکے اور ہندہ مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد کو اس کی شادیاں رجسٹر کرانے کے سہولت دی جا سکے اور ان کی ہمت افزائی ہو سکے۔
۱۴۔ اس ایکٹ کی گنجائشوں کو کسی دوسرے قانون کی گنجائشوں پر فوقیت حاصل ہوگی۔

شیڈول A
شادی کا سرٹیفکیٹ
۱۔ یونین کائونسل نام/نمبر
.... تعلقہ/ٹائون، .... ضلع.................

۲۔ شادی کی تاریخ.................
۳۔ دولہا کے تفصیل...........
(i)مکمل نام .... شناختی کارڈ نمبر..............
(ii)والدکا نام.............. شناختی کارڈ نمبر..............
(iii) والدہ کا نام............ شناختی کارڈ نمبر.............
(iv)عمر.............
(v) مستقل پتہ ....
(vi) عارضی پتہ
....
(vii)متضاد حیثیت: کنوارہ، شادی شدہ، طلاق شدہ، رنڈوہ
(viii) دست نگر .... نام اور عمریں
(ix) مذہب: ہندو، سکھ، جین
۴۔ دلہن کی تفصیلات
(i)مکمل نام.............. شناختی کارڈ نمبر.............
(ii)والد کا نام............. شناختی کارڈ نمبر..............
(iii) والدہ کا نام............ شناختی کارڈنمبر.............
(iv)عمر............
(v) مستقل پتہ ....
(vi) عارضی پتہ
....
(vii) متضاد حیثیت: کنواری، شادی شدہ، طلاق یا فتہ، بیوہ
(viii) دست نگر: نام اور عمریں
(ix) مذہب: ہندہ، سکھ، جین
۵۔ دولہا کے دستخط:...........................
۶۔ دلہن کے دستخط: ....
۷۔ گواہوں کے نام، دستخط اور شناختی کارڈ نمبر
۸۔ پنڈت، مہاراج یا شادی کروانے والے کسی شخص کے دستخط
۹۔ متعلقہ عملدار کا اسٹمپ اور مہر۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت

کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔